بن شہریار ۔ طہران ۱۱۶۳ھ، عرب و ہندوستان کے تعلقات مصنفہ علامہ سید سلیمان ندوی ص ۴۷، ۵۵ پاکستانی نسخہ ۱۹۸۷ء سندھی زبان کی مختصر تاریخ از ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ ص ۴۵ ۔ سندھی ادب کی مختصر تاریخ مؤلفہ ڈاکٹر میمن عبدالمجید سندھی ناشر انسٹی ٹیوٹ آف سندھالوجی جامعہ سندھ جام شورو ۱۹۸۳ء۔

۵۵ راقم کی گزارش پر علامہ بدیع الدین شاہ راشدی نے بدیع التفاسیر کی مطبوعہ جلدیں عنایت فرمائی ہیں اس کرم فرمائی اور ذرہ نوازی کے لیے راقم موصوف مکرم کا بطور خاص ممنون ہے۔

۵۶ علم القرآن، مؤلفہ سید قاسم محمود ص ۲۸ ۔

پروفیسر سید شفقت تمین

تبصرہ

المخزن خانپور

مدیر: شبیر احمد خان میواتی، (لاہور)

ناشر: جامعہ مخزن العلوم خان پور (ضلع رحیم یار خان)

جامعہ مخزن العلوم خان پور کا علمی مجلہ ہے جو مولانا محمد عبداللہ درخواستی کے زیر سرپرستی حال ہی میں شائع ہونا شروع ہوا ہے۔ اس کے ایڈیٹر ایک مستعد صاحب علم نوجوان شبیر احمد خان میواتی ہیں اس کی پہلی جلد کا پہلا شمارہ جولائی ۱۹۹۱ء میں شائع ہوا ہے۔ اس میں نظم و نثر دونوں طرح کے مضامین شامل ہیں جن کا تعلق مختلف مذہبی موضوعات سے ہے۔ ان میں اسلام کا نظام روحانی (ڈاکٹر غلام محمد) محسن انسانیت (اقبال احمد صدیقی) محنت کشوں کے لیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ (ظہیر احمد تاج) برصغیر میں مسلمانوں کے علمی کارنامے (مولانا متین ہاشمی) دارالعلوم دیوبند (سید نسیم اختر شاہ) تبصرہ وغیرہ مضامین معلومات سے مملو، فکر انگیز اور ایمان افروز ہیں۔

اگر یہ پرچہ پابندی سے نکلتا رہا تو امید ہے کہ علمی دنیا میں ایک مقام پیدا کرے گا۔ المخزن سفید کاغذ پر عمدہ کتابت اور طباعت کا شاہکار ہے۔ ٹائٹل رنگین اور خوبصورت ہے الولی کا سائز، صفحات ۵۶، قیمت ۶ روپے فی شمارہ۔